9329-والد کا بیٹے کو عطیہ دینے کے بعد واپس لینے کا حکم

سوال

کیا والد کے لیے بیٹے کو عطیہ کرنے کے بعد واپس لینا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ

جب عطیہ واپس لینے میں کوئی مصلحت
ہو اور بیٹا اسے واپس کرنے کی استطاعت بھی رکھتا ہو تو ایسا کرنا جائز ہے ، کیونکہ نبی
مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

(کسی بھی مسلمان مرد کے لیے جائز نہیں کہ وہ عطیہ دینے کے بعد اسے واپس لے لیکن
والد اپنے بیٹے کو دیے گئے عطیہ کو واپس لے سکتا ہے) ۔

اسے امام احمد اور ابو داود ، امام ترمذی ، نسائی ، ابن ماجہ ، نے روایت کیا ہے
اور امام ترمذی ابن حبان اور امام حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے ۔ .